# 12503 - عورت كے ليے جرابيں پہننا افضل ہيں چاہے اس كا لباس پاؤں كو چھپا بھى رہا

**سوال**

اگر عورت كا عبايا اور برقع اتنا لمبا ہو كہ عورت كے پاؤں بھى چھپ جائيں تو كيا اس كے ليے جرابيں بھى پہننا واجب ہيں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

مسلمان عورت سے مطلوب يہى ہے كہ وہ اجنبى اور غير محرم مردوں سے اپنا سارا جسم چھپا كر ركھے، اسى ليے عورت كو اپنے پاؤں چھپانے كے ليے اجازت دى گئى ہے كہ وہ اپنا لباس ٹخنوں سے ايك ہاتھ نيچے تك ركھ سكتى ہے.

عورت كو يہ چاہيے كہ وہ اپنے پاؤں چھپا كر ركھے، يا تو اضافى كپڑے كے ساتھ، يا پھر جرابيں پہن كر، يا كسى اور طريقہ سے، چنانچہ جب عورت كے پاؤں چھپے ہوں تو پھر اس كے ليے جرابيں پہننا واجب نہيں.

ليكن اگر وہ پھر بھى جرابيں پہن ليتى ہے تو يہ اس كے پردہ كے ليے بہت اچھا اور مستحسن اقدام ہے.

واللہ اعلم .